# بکریوں پر (پابندی) کا مغربی پاکستان کا قانون مجریہ ۱۹۵۹ء.

## مغربی پاکستان کا قانون نمبر. XLII سال ۱۹۵۹ء.

### فہرست.

ابتدائیہ.

دفعات.


۱. مختصر نام اور نفاذ.

۲. تعریفات.

۳. بکریوں کی چرائی وغیرہ پر پابندی.

۴. بکریوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کو منضبط کرنے کا اختیار.

۵. بکریوں کے ذبح کرنے کو منضبط کرنے کا اختیار.

۶. سزا.

۷. جرم قابل دخل اندازی پولیس و قابل ضمانت ہوگا.

۸. جرم کے مرتکب کو گرفتار کرنے کے اہل خاص افسران.

۹. گرفتار شدہ اشخاص و بکریوں کو ضمانت نامہ پر رہا کرنے کا اختیار.

۱۰. جرم کو سرسری طور سماعت کرنے کا اختیار.

۱۱. اس قانون کے تحت کئے گئے افعال کو تحفظ حاصل ہوگا.

۱۲. ضوابط بنانے کا اختیار.

# بکریوں پر (پابندی) کامغربی پاکستان کا قانون مجریہ ۱۹۵۹ء.

## مغربی پاکستان کا قانون XLII سال ۱۹۵۹ء.

## ۱۸ جولائی ۱۹۵۹ء.

## ایک قانون.

## ( بکریوں کی تعداد کو مغربی پاکستان میں محدود کرنے کے لیے )

## ابتدائیہ.

چونکہ عوامی فلاح کے لیے ضروری ہے کہ مغربی پاکستان میں بکریوں کی تعداد کو محدود کیا جائے.

اب اس لیے، ۷، اکتوبر ۱۹۵۸ء کے صدارتی اعلان کے تسلسل میں اور اس نسبت اہلیت کے جملہ اختیارات کے تابع منزل پاکستان کے گورنر ذیل کا قانون کا اعلان کرتے ہیں.

**۱. مختصر عنوان، اور نفاذ:**

(۱) یہ بکریوں پر (پابندی) کامغربی پاکستان کا قانون مجریہ ۱۹۵۹ء کہلائے گا.

(۲) یہ قانون ماسوائے قبائلی علاقوں کے علاوہ خیبر پختونخواہ کے تمام صوبہ پر نافذ ہوگا.

۲. تعریفات:

(ا) اس قانون میں متن کے دوسرے معنی کے متقاضی ہونے کے علاوہ ذیل کے بیان کے وہی معنی ہونگے جوانہیں دیئے گئے ہیں، یعنی؛

(i) حکومت سے حکومت خیبر پختونخوا مراد ہے.

(ii) مجوزہ سے مراد اس قانون کے تابع ضوابط ہیں.

(iii) معینہ مذبح خانہ سے مراد کوئی عمارت، مقام یا جگہ ہے جو جانوروں کے ذبح کرنے کا ہو یا کے لیے استعمال ہوتی ہو جو انسانی خوراک استعمال کے لیے ہوں.اور اس میں عوامی مذبح خانہ جو مقامی اتھارٹی بناتی ہے یا ذاتی مذبح خانہ جس کا با قاعدہ اجازت نامہ اس مقصد کے لیے کسی قانون کے تابع جو فی الوقت نافذ ہو، دیا گیا ہو.

۳. بکریوں کی چرائی پر پابندی:

حکومت اعلامیہ کے ذریعہ کسی مخصوص علاقہ کو جسے آئندہ مقامی علاقہ کہا جائیگا کی نسبت غیر قانونی ہوگا کہ.

(الف) اعلامیہ کے اجراء کے بارہ ماہ بعد کسی اراضی پر بکریاں چرائی جائیں اور

(ب) اعلامیہ کے اجراء کے اٹھارہ ماہ کے بعد بکریاں رکھی جائیں.

بشرطیکہ حکومت کسی علاقہ میں بکریاں رکھنے کی شرائط کے تابع جو تجویز کی جائیں گی اجازت دے.

۴. **بکریوں کی نقل وحرکت پر منضبط کرنے کا اختیار:**

حکومت ایسے طریقہ سے جس کی وضاحت کی جائیگی ،بکریوں کو کسی علاقہ میں لے جانے کو منضبط کر سکے گی.

۵. **بکریوں کے ذبح کرنے کو منضبط کرنے کا اختیار:**

حکومت کسی دن کے لیے مذبح خانہ میں بکریوں اور بھیڑوں کی نسبت ذبح کرنے کو مجوزہ طریق کار کے تابع منضبط کر سکے گی.

۶. **سزائیں:**

جو شخص بھی دفعہ ۳- ۴ یا دفعہ ۵ کی یا اس قانون کے تابع ضوابط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو گا تو چھ ماہ تک کی وضع شدہ سزا یا جرمانہ جو پانچ صدروپیہ تک ہو گا یا دونوں سے سزایاب کیا جائیگا اور جرم میں متعلقہ بکریاں بحق حکومت ضبط ہوں گی.

۷. **جرم قابل دخل اندازی پولیس وقابل ضمانت ہوگا:**

ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء میں مندرج امور کے باوجود اس قانون کے تحت جرم قابل دست اندازی پولیس اور قابل ضمانت ضابطہ مذکور کے ہم معنی ہوگا.

۸. **خاص افسران کی گرفتاری کا اختیار:**

(۱) اس نسبت حکومت کی طرف سے افسر کو خصوصی اختیار دینے پر مجسٹریٹ کے حکم کے بغیر اور ورانٹ کے بغیر کسی بھی شخص کو جو اس قانون کے تحت یا ضوابط کے تابع جرم کا مرتکب ہو رہا ہو گرفتار کر سکے گا اور جرم سے متعلقہ، بکریوں کو پکڑ سکے گا.

(۲) جو افسر ذیلی دفعہ (۱) کے تابع گرفتاری کرنے پر بغیر کسی غیر ضروری تاخیر کے اس قانون کی دفعات کے تابع ضمانت پر صفحہ نمبر ۴ رہا کرے گا یا گرفتار شدہ شخص اور بکریوں کو قریبی تھانہ بھجوائے گا.

## .۹ گرفتار شدہ اشخاص و بکریوں کو ضمانت نامہ پر رہا کرنے کا اختیار:

(۱) کوئی افسر جو دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۱۱) کے تحت گرفتاری کرنے پر مچلکہ/ضمانت نامہ بغرض حاضری بھرنے پر کہ وہ طلبی پر قریبی تھانہ کے انچارج کے روبرو پیش ہو جائیگا. چھوڑ دے گا.

(۲) جب کوئی افسر جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہے کسی بکری کو پکڑا ہو تو وہ اسے چھوڑ دے گا. اس شخص کو جس سے پکڑی گئی ہو. یا مالک کو بشرطیکہ وہ اسے قریبی تھانہ کے انچارج کے روبرو پیش کرنے کا مچلکہ ضمانت نامہ بھر دے.

## .۱۰ جرم کی سرسری سماعت:

اس قانون کے تحت کوئی بھی جرم ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ء میں بیان کردہ سرسری سماعت کے طریقہ کار کے مطابق سنایا جائیگا.

## .۱۱ اس قانون کے تحت کیے گئے افعال کو تحفظ حاصل ہوگا:

نیک نیتی سے اس قانون کے تابع کئے گئے اعمال کی نسبت کوئی دعوی داری کسی افسر کے خلاف ناقابل مسموع ہوگی.

**۱۲۔ ضوابط بنانے کا اختیار:**

(۱) حکومت سابقہ مشتہری کے ذریعہ اس قانون کے مقاصد کے حصول کے لیے ضوابط وضع کر سکے گی۔

(۲) مندرجہ بالا اختیارات کو متاثر کئے بغیر ذیل کے امور کی نسبت ضوابط وضع ہو سکے گے۔

(الف) کسی لوکل ایریا کے لیے اس قانون کے نافذ کرنے کا طریق کار۔

(ب) لوکل ایریا میں بکریاں رکھنے کی شرائط اور طریق کار۔

(ج) لوکل ایریا میں بکریوں کی نقل وحمل کا منضبط کرنا۔

(د) ایک مذبح خانہ میں بکریوں اور بھیڑوں کے ذبح کرنے کے تناسب کو منضبط کرنا۔

(ڈ) بکریوں اور بھیڑوں کو ذبح کرنے کا ریکارڈ رکھنا اور بھیجنا۔